© rasailojaraid.com



اکرام اللہ ساجد




# محمدی نماز

مصنّفہ : ...... : ابو عبدالرحمٰن محمد شفیع مسکین

ضخامت : ...... : ۵۰۴ صفحات کتابی سائز

ہدیہ : ...... : ۲۴ روپے

ناشر : ...... : محمدی مسجد اہل حدیث کیر کلاں ٹاؤن شپ لاہور

ہمارے زیر نظر اس کتاب کا تیسرا ایڈیشن ہے —— یوں تو نماز پر سینکڑوں کتابیں لکھی گئی ہیں، لیکن یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ آج کا مسلمان زیادہ تر بے نماز ہے، پھر جو لوگ نماز پڑھتے ہیں ان میں سے اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو نماز کا صحیح طریقہ نہیں جانتے، حالانکہ نماز دین کا ستون ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے اس ستون کو گرایا، اس نے پورے دین کی عمارت کو گویا مسمار کر ڈالا۔ نیز فرمایا:

"صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي!"

کہ "اسی طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو!"

مولانا محمد شفیع مسکین نے یہ کتاب اسی جذبہ کے تحت لکھی ہے کہ اس کو پڑھ کر نماز کا صحیح اور مسنون طریقہ ہر اس شخص کی سمجھ میں آجائے جو اس کتاب کو پڑھ اور سمجھ سکتا ہے۔

کتاب کے تین ابواب ہیں۔ پہلے باب میں توحید کی خوبی، شرک کی اقسام اور

© rasailojaraid.com